Urdu - 5th Class Urdu Chapter 8 Short Questions Test

Q1. قومی ترانے کے ہر بند کے کتنے مصرعے ہیں.

Ans 1: ہمارے قومی ترانے کے ہر بند کے پانچ مصرعے ہیں.

Q2. قومی ترانہ کیسے کسی قوم کی امنگوں کا ترجمان ہوتا ہے.

Ans 1: قومی ترانے میں وطن عزیز کے لیے اچھی خواہشات اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا ہوتا ہے. اس لیے ہر ملک کا قومی ترانہ اس قوم کی امنگوں کا ترجمان ہوتا ہے.

Q3. پاکستان کے قومی ترانےکے شاعر کا نام.

Ans 1: پاکستان کے قومی ترانے کے شاعر کا نام حفیظ جالندھری نے لکھا

Q4. قومی ترانے کے کتنے بند ہیں.

Ans 1: قومی ترانے کے تین بند ہیں.

Q5. پاکستان کے قومی ترانے کے موسیقار کا نام لکھیں.

Ans 1: پاکستان کے قومی ترانے کے موسیقار نام احمد غلام علی چھا گلا ہے.

Q6. قومی ترانے کے پہلے بند کا مفہوم لکھیں.

Ans 1: اے میرے وطن کی پاکیزہ زمین تو ہمیشہ خوش رہے. اے میرے خوب صورت ملک تو ہمیشتہ خوشیوں سے بھرا رہے. پاک سرزمین تو ہمارے بزرگوں کے شاندار عزم اور ان کے کے ارادے کی نشانی ہے. ہمارے ایمان اور یقین کا یہ مرکز سدا خوش رہے.

Q7. پانچ مصرعوں کے بند والی نظم کس کو کہتے ہیں.

Ans 1: پانچ مصرعوں کے بند والی نظم مخمس کہلاتی ہے.

Q8. پاک سرزمین کا نظام قوت اخوت عوام کا کیا مطلب ہے.

Ans 1: اس کا مطلب ہے کہ پاکستان میں بسنے والے سب لوگ آپس میں بھائی بھائی ہیں.

Q9. کسی بھی ملک کی شناخت کن باتوں سے ہوتی ہے.

Ans 1: کسی بھی ملک کی شناخت اس کے قومی ترانے سے ہوتی ہے.

Q10. کیا ہر ملک کا اپنا قومی ترانہ ہوتا ہے. قومی ترانہ پڑھنے کے دو آداب بتائیں.

Ans 1: جی ہر ملک کا اپنا قومی ترانہ ہوتاہے. قومی ترانہ پڑھنے کے دو آداب درج زیل ہیں. جب قومی ترانہ پڑھا جائے تو اب لوگ احترام میں کھڑے ہوجائیں. جب قومی ترانہ پڑھا جارہا ہو تو باقی لوگ خاموشی اختیار کرے